MADANI PHOOL

اَلحمدُللہِ ربِّ العٰلمین والصلوٰۃ والسلامُ علیٰ سیّدِالمرسلین اما بعد فاعوذُ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم: جو شخص مجھ پر درودِ پاک بھیجتا ہے تو جب تک وہ درود شریف بھیجتا رہتا ہے فرشتے اس کے لئے دعائے رحمت کرتے رہتے ہیں اب بندے کی مرضی ہے کم پڑھے یا زیادہ۔ (سنن ابن ماجہ)

قربانی کی کھالیں دعوتِ اسلامی کو دیجئے اور دینی کام کے فروغ میں حصہ لیجئے

قربانی کا طریقہ

(چاہے قربانی ہو یا ویسے ہی ذَبح کرنا ہو) سنّت یہ چلی آرہی ہے کہ ذَبح کرنے والا اور جانور دونوں قبلہ رُو ہوں، ہمارے عَلاقے (یعنی پاک و ہند) میں قِبلہ مغرِب (WEST) میں ہے، اس لئے سرِ ذَبیحہ (یعنی جانور کا سر) جُنُوب (SOUTH) کی طرف ہونا چاہئے تا کہ جانور بائیں (یعنی الٹے) پہلو لیٹا ہو، اور اس کی پیٹھ مشرِق (EAST) کی طرف ہو تا کہ اس کا مُنہ قبلے کی طرف ہو جائے، اور ذَبح کرنے والا اپنا دایاں (یعنی سیدھا) پاؤں جانور کی گردن کے دائیں (یعنی سیدھے) حصّے (یعنی گردن کے قریب پہلو) پر رکھے اور ذَبح کرے اور خود اپنا یا جانور کا مُنہ قبلے کی طرف کرنا ترک کیا تو مکروہ ہے۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲۰ ص ۲۱۶، ۲۱۷)

(ابلق گھوڑے سوار ، صفحہ ۱۴)

مسئلہ:۔

دوسرے سے ذَبح کروایا اور خود اپنا ہاتھ بھی چُھری پر رکھ دیا کہ دونوں نے مل کر ذَبح کیا تو دونوں پر بِسْمِ اللہ کہنا واجِب ہے۔ ایک نے بھی جان بوجھ کر چھوڑ دی یا یہ خیال کر کے چھوڑ دی کہ دوسرے نے کہہ لی مجھے کہنے کی کیا ضَرورت، دونوں صُورتوں میں جانور حلال نہ ہوا۔ (دُرِّمختار ج ۹ ص ۵۵۱)

(ابلق گھوڑے سوار ، صفحہ ۱۳)

www.dawateislami.net